September 2021: Welcoming Back Our Students

ستمبر 2021: ہمارے طلباء کی واپسی کا خیرمقدم




## بذات خود موجود ہو کر (اِن پرسن) سیکھنا یا دور رہتے ہوئے سیکھنا (ریموٹ لرننگ)؟

**2021-2022 تعلیمی سال کے لئے ایک اہم انتخاب کرنا**

واٹرلو ریجن ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ (ڈبلیو آر ڈی ایس بی) ستمبر 2021 میں طلباء اور عملہ کو اسکول میں واپس آنے کا خیرمقدم کرنے کے بارے میں پُرجوش ہے۔ آپ کے ستمبر کے لئے اپنے بچے (بچوں) کے سیکھنے کے طریقہ کار کے بارے میں اہم فیصلہ کرتے وقت، اہل خانہ کے کے لئے ضروری ہے کہ مندرجہ ذیل معلومات کا جائزہ لیں۔ **براہ کرم یاد رکھیں کہ یہ فیصلہ پورے سال کے لئے ہے۔**

اگرچہ ڈبلیو آر ڈی ایس بی (WDRSB) کا خیال ہے کہ بذات خود موجود ہو کر (اِن پرسن) سیکھنے ہی سے ہمارے طلباء کی بہترین حمایت ہوتی ہے، لیکن ہم اس سے بھی واقف ہیں کہ انوکھے حالات کے پیش نظر، کچھ خاندان یہ چاہتے ہیں کہ ان کا بچہ دور سے (ریموٹ طریقے سے) سیکھے۔ منسٹرا آف ایجوکیشن (وزارت تعلیم) کی رہنمائی کے مطابق، ڈبلیو آر ڈی ایس بی (WDRSB) ستمبر میں ایک ریموٹ لرننگ پروگرام آپشن پیش کرنے کی منصوبہ بندی کر رہا ہے۔ اگر، اس مواد کا جائزہ لینے کے بعد، آپ اگلے تعلیمی سال کے لئے اپنے بچے (بچوں) کے لئے ریموٹ لرننگ پروگرام کا انتخاب کرنا چاہتے ہیں تو، آپ کو **3 مئی کو شام 4:00 بجے تک** نیچے لِنک کی گئی ریموٹ لرننگ کی درخواست فارم کو مکمل کرنا ہوگا۔

**براہ کرم نوٹ کریں:** اگر والدین ریموٹ لرننگ پروگرام درخواست فارم مکمل نہیں کرتے ہیں تو، ہم فرض کریں گے کہ آپ کا بچہ (بچے) بذات خود موجود ہو کر (اِن پرسن) اسکول میں داخل ہوگا(ہونگے) اور طالب علم (طلباء) کو ان کے گھر کے قریب والے یا میگنیٹ پروگرام اسکول میں بذات خود موجود ہو کر (اِن پرسن) سیکھنے کے لئے تفویض کریں گے۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں تو، براہ کرم اپنے بچے کے اسکول تک رسائی کریں۔

## سیکھنا ، فلاح و بہبود اور دماغی صحت

ڈبلیو آر ڈی ایس بی (WDRSB) کا ماننا ہے کہ طالب علموں کے سیکھنے کے عمل، ذہنی صحت اور فلاح و بہبود کی بذات خود موجود ہو کر(اِن پرسن) سیکھنے کے ذریعے ہی سب سے بہترین طور پرتائید کی جاتی ہے، اور آپ کے آراء نے اس کو تقویت بخشی ہے- ہم نے طلباء، ان کے اہل خانہ اور عملے سے اسکولوں کی اہمیت اور بذات خود موجود ہو کر (اِن پرسن) تعلیم کے بے مثال فوائد کے بارے میں سنا ہے:

- چھوٹے بچوں، انگریزی زبان سیکھنے والوں، خصوصی تعلیم (اسپیشل ایجوکیشن) کی ضرورتمند طلباء، وہ طلباء جنہیں آزادانہ طور پر کام کرنے میں جدوجہد کرنی پڑتی ہے اور کمزور طلباء کی ضروریات کو بہتر طور پر پورا کرتے ہیں۔
- ساتھیوں اور اساتذہ کے ساتھ پُر شفقت تعلقات کے ذریعے طلباء کی ذہنی صحت اور فلاح و بہبود کی حمایت کرتا ہے
- طلباء سے تعلق، ربط اور برادری کے جذبات کو فروغ دیتا ہے

آپ کے آراء سے ہمیں پتہ چلا ہے کہ اگلے سال اسکول پر لوٹنے کے بعد طلباء کی ذہنی صحت اور فلاح و بہبود پر زور دینا ضروری ہوگا۔ طلباء اور ان کے اہل خانہ کے لئے یہ گذشتہ سال انتہائی مشکل رہا۔ مضبوط رشتوں، رابطوں اور یکبہتی کے احساس کو یقینی بنانا طلباء کی تعلیم کی بنیاد قرار دیا جائے گا۔ ہمارا عملہ محفوظ، پُرشفقت اور مشتمل کلاس رومز اور اسکول کی کمیونٹیز کی تخلیق کو ترجیح دے گا جہاں طلباء اپنے آپ کو نظر آتے ہوئے، سنے جانے والے محسوس کریں اور انہیں ایک مضبوط یکبہتی کا احساس ہو۔

## ہمارے اسکولوں میں سیکھنے کا محفوظ اور صحت مند ماحول

ڈبلیو آر ڈی ایس بی اس بات کو یقینی بنانے کے لئے پرعزم ہے کہ صحت اور حفاظت کے تمام پروٹوکول زیرِ عمل ہوں گے اور یہ کہ ہمارے اسکول بحفاظت کام کرنا جاری رکھیں گے- ہمارے عملے، طلباء اور کنبہ کے تعاون کی بدولت، ہمارے اسکولوں میں کووِڈ-19 کی بہت کم منتقلی ہوئی ہے اور ریجن آف واٹر لو پبلک ہیلتھ کے ساتھ ہماری شراکت داری نے ہمیں موثر ردِّعمل کی اجازت دی ہے- 2021-2022 تعلیمی سال کے دوران، ہم امید کرتے ہیں کہ وقت کے ساتھ ساتھ باقاعدہ کاروائیاں دوبارہ شروع کردیں گے اور جب ایسا کرنا محفوظ ہو، مقامی صحت عامہ کے مشورے اور اس کی رہنمائی کے ساتھ اور منسٹری آف ایجوکیشن (وزارت تعلیم) کی ہدایت کے ساتھ، قریبی طورپر کام کرنا جاری رکھیں گے ۔

## ابتدائی طور پر بذات خود موجود ہو کر(اِن پرسن) سیکھنا

کنڈرگارٹن سے گریڈ 8 تک کے طلباء کے لئے بذات خود موجود ہو کر(اِن پرسن) سیکھنے کو ہمارے موجودہ طرز عمل پر ماڈل بنایا جائے گا۔

- طلباء کلاس کے ذریعہ ہم آہنگی کا سلسلہ جاری رکھیں گے، اور شیڈول کے تقاضوں کے مطابق عملہ ایک کلاس سے دوسرے کلاس میں گھومتا رہے گا۔
- اساتذہ رابطوں (ایجوکیٹر کونٹیکٹس) کی تعداد کو، جو ہر ہوم روم / متحدہ جماعت (کوہورٹ) کو ہدایات دے رہے ہیں، کم کرنے پر مستقل توجہ دی جائے گی ۔
- اساتذہ سے توقع جاری رہے گی کہ وہ معنوی (ورچوئل) سیکھنے کے ماحول کو برقرار رکھیں گے (جیسے گوگل کلاس روم یا برائٹ اسپیس) تاکہ ضرورت پڑنے پر دور سے تعلیم (ریموٹ لرنگ) میں تبدیلی کی مدد کی جاسکے، یا جہاں انفرادی طالب علموں کو محدود مدت کے لئے علیحدگی اختیار کرنے (آئسولیٹ ہونے) کی ضرورت ہو۔

## ثانوی بذات خود موجود ہو کر سیکھنے کا پروگرام (سیکنڈری اِن پرسن لرننگ پروگرام)

بذات خود موجود ہو کر(اِن پرسن) سیکھنے کی شروعات موجودہ حفاظتی اقدامات کے ساتھ ہوگی۔ جب ہم تعلیمی سال کے ساتھ آگے کی طرف بڑھتے ہیں تو، ہم امید کرتے ہیں کہ صحت کے رہنما اصولوں کے تحت، اضافی پزیرانہ طور سے مزید باقاعدہ سرگرمیاں اور کاروائیاں دوبارہ شروع کر سکیں گے۔

- ستمبرمیں، ہم اپنے ثانوی اسکولوں کو سمسٹرس میں منظم کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، لیکن وزارت تعلیم اور صحت عامہ کی ہدایت پر منحصر ہوکر، اگر ضرورت ہو تو ہم کواڈ میسٹرس کو نقطئہ نظر بنانےکے لئے تیار ہوں گے۔
- اس وقت، ہم توقع کرتے ہیں کہ طلبا کو ایک دوسرے کے ساتھ ، اے اور بی متحدہ جماعتوں (کوہورٹس) میں گروپ بنایا جائے گا ، جس میں ہر روز صرف ایک متحدہ جماعت (کوہورٹ) بذات خود موجود ہو کر(اِن پرسن) شرکت کرے گا۔ اس وقت روزانہ کے مخصوص شیڈول کی تصدیق نہیں کی جاسکتی ہے، لیکن ہم نے روزانہ ایک لرننگ بلاک کے بارے میں آپ کے خدشات سنے ہیں۔ ہم جلد از جلد سال کو شروع کرنے کی امید رکھتے ہیں اور / یا کلاسوں کے مابین دوپہر کے کھانے کے وقفے کے ساتھ دن میں دو کلاسوں کے ساتھ آگے بڑھنے کی امید رکھتے ہیں ۔
- ایک بار جب وزارت تعلیم اور صحت عامہ کی ہدایت اور رہنمائی اس کوہورٹنگ کو ہٹانے، روزانہ کی حاضری، اور / یا کسی باقاعدہ شیڈول میں واپسی کی حمایت کرتی ہے تو، ہم ان تبدیلیوں کو جلد سے جلد نافذ کرنے کی کوشش کریں گے۔
- اساتذہ سے توقع جاری رہے گی کہ وہ معنوی (ورچوٗل) سیکھنے کے ماحول (جیسے گوگل کلاس روم یا برائٹ اسپیس) کو ایک موثر تدریسی پریکٹس کے طور پر برقرار رکھیں گے تاکہ دور سے تعلیم (ریموٹ لرننگ) میں منتقلی کی مدد کی جاسکے، یا جہاں انفرادی طلباء کو محدود مدت کے لئےعلیحدگی اختیار کرنے کی ضرورت ہو۔

## ستمبر میں دور سے سیکھنے کا پروگرام (ریموٹ لرننگ پروگرام)

ڈبلیو آر ڈی ایس بی ان طلباء کے لئے دور سے (ریموٹ انداز سے) ابتدائی اور ثانوی پروگرام پیش کرے گا جو عملی معنوی (ورچوٗل) طور پر سیکھنا چاہتے ہیں۔ ریموٹ لرننگ پروگرامس کو اس سال پیش کیے جانے والے ڈسٹنس لرننگ پروگرامس کے مطابق ماڈل بنایا جائے گا۔ نام کی تبدیلی محض اس زبان کی عکاسی کے لئے ہے جو وزارت تعلیم کے زیر استعمال ہے۔ زیادہ سے زیادہ طلباء بذات خود موجود ہو کر(اِن پرسن) کلاسوں میں واپس آنے کے ساتھ، ہمارے 2020سے2021 کی تعلیمی سال کے دوران پیش کردہ پروگراموں کے برابر وسعت پیش کرنے کی صلاحیت محدود ہوگی۔

## ابتدائی دور سے سیکھنے کا پروگرام (ایلیمنٹری ریموٹ ارننگ پروگرام)

ڈبلیو آر ڈی ایس بی کا ایلیمنٹری ریموٹ لرننگ پروگرام ای آر ایل پی (ERLP) ہمارا پورے دن کا (فُل ڈے) کنڈرگارٹن پروگرام، انگریزی پروگرام، اور کور فرانسیسی پروگرام پیش کرے گا۔ ڈبلیو آر ڈی ایس بی اہل فرینچ ایمرشن ٹیچرز کی محدود دستیابی کے پیش نظر ای آر ایل پی (ERLP) کے لئے فرینچ ایمرشن پروگرامنگ کی گارنٹی نہیں دے سکتا ہے۔ وہ خاندان جن کو اپنے بچے (بچوں) کے لئے فرینچ ایمرشن پروگرامنگ کی گارنٹی چاہتے ہی ، انھیں بذات خود موجود ہو کر(اِن پرسن) سیکھنے پر غور کرنا چاہئے۔ اس سال کی طرح ، ہمارے ای آر ایل پی (ERLP) میں ملٹی گریڈ مشترکہ کلاسیں بھی شامل ہوں گی۔ طلباء کو روزانہ 180 سے 225 منٹ تک ہم وقت (سنکرونس) ہدایات ملیں گی جن میں دو 40 منٹ تک کی غذائیت بریک بھی شامل ہے۔

## ثانوی دور سے سیکھنے کا پروگرام (سیکنڈری ریموٹ لرننگ پروگرام)

ڈبلیو آر ڈی ایس بی کا سیکنڈری ریموٹ لرننگ پروگرام (ایس آر ایل پی) پروگرام کے تمام راستوں میں ہر گریڈ لیول میں محدود کورسز کی پیش کش کرے گا: مقامی طور پر بنایا گیا / ضروری، ملازمت کی جگہ کی تیاری، عملی (اپلائڈ)، کالج کی تیاری، تعلیمی اور یونیورسٹی کی تیاری۔ ثانوی طلباء نے اگلے سال کے لئے کورس سیلیکشنز مکمل کر لیے ہیں اور وہ طلباء اور اہل خانہ جو ایس آر ایل پی (SLRP) میں شرکت کا انتخاب کرتے ہیں، براہ کرم نوٹ

کریں کہ طلباء کو ان کے منتخب کردہ گریجویشن کے راستے کے لئے درکارنصاب تعلیم پیش کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔

جہاں طلباء کو ان مخصوص کورسز کی ضرورت ہوتی ہے جو کہ ایس آر ایل پی (SRLP) کے ذریعے دستیاب نہیں ہیں، تب ان کے پاس یہ اختیار ہوگا کہ وہ ای لرننگ کورسز کی فہرست سے منتخب کریں۔ ایس آر ایل پی (SRLP) میں سسٹم پروگراموں تک رسائی شامل نہیں ہوگی، جیسے اسپیشلسٹ ہائی سکلز میجرز (ایس ایچ ایس ایم)، ایڈوانسڈ پلیسمینٹ (اے پی)، انٹرنیشنل باکولوریٹ (آئی بی) ، انٹیگریٹڈ آرٹس، فرینچ ایمرشن / توسیعی فرانسیسی (ایکسٹنڈیڈ فرینچ) یا اسکول کے دیگر خصوصی پروگرامیں، جو صرف بذات خود موجود (اِ ن پرسن) اسکولوں کے ذریعہ دستیاب ہونگی۔

ایس آر ایل پی (SRLP) ہمارے اسکول کے باقاعدہ پروگرامنگ کی طرح اسکول کے کیلنڈر اور روزانہ کے نظام الاوقات کی پیروی کرے گا۔ اس وقت، ہم اپنے ثانوی اسکولوں کو سمسٹرس میں ترتیب دینے کا ارادہ کر رہے ہیں، لیکن اگر ضرورت ہو تو ہم کواڈ میسٹر کو نقطئہ نظر بنانےکے لئے تیار ہوں گے۔ روزانہ کے مخصوص شیڈول کو ابھی حتمی شکل نہیں دی گئی ہے اور ایک بار حتمی شکل دیے جانے کے بعد یہ پورے تعلیمی سال میں چلے گا۔

## خصوصی تعلیم ، خصوصی پروگرام کلاسز اور آئی ای پیز(اسپیشل ایجوکیشن، اسپیشلائزڈ پروگرام کلاسیس اینڈ آئی ای پیز)

اس سال کے ہمارے تجربے سے یہ ظاہر ہوا ہے کہ خصوصی تعلیم کی ضروریات رکھنے والے طلباء، خاص طور پر جو اجتماعی کلاسوں اورمتبادل تعلیم کے پروگراموں میں ہیں، ان کی تعاون کے لئے بذات خود موجود ہو کر (اِن پرسن) سیکھنا بہترین ساخت (فارمیٹ) ہے۔ اس وجہ سے، 2021-2022 تعلیمی سال میں، اجتماعی کلاسیں اور متبادل تعلیمی پروگرامس بذات خود موجود ہو کر (اِن پرسن) کے طور پر لوٹیں گے۔

تعلیم کی خصوصی ضروریات کے حامل طلباء کو انفرادی تعلیم منصوبہ (انڈِویجوئل ایجوکیشنل پلان) (آئی ای پی)) میں فراہم کردہ ضروری گنجائش، ترمیمات، یا متبادل پروگرامس کے ذریعے تعاون حاصل ہوتا رہے گا۔

## اہل خانہ کے فیصلے کے مطابق ان کی حمایت

کنبوں کے لئے یہ ضروری ہے کہ آپ اس بات پر توجہ دیں کہ آپ کے بچے کی تعلیم، دماغی صحت اور فلاح و بہبود کو کونسی چیز سب سے بہترین تعاون فراہم کر سکتی ہے – اپنے بچے کو آپ ہی سب سے بہتر طور پرجانتے ہیں۔ یہ ایک اہم فیصلہ ہے اور ہم آپ کو اپنے بچے سے اور اس کے اساتذہ یا معاون عملے سے اس معاملے پر تبادلہ خیال کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔ **یاد رکھیں، یہ فیصلہ پورے تعلیمی سال کے لئے ہوگا۔** ہم نے ایک وسیلہ فراہم کیا ہے: خاندانوں کے فیصلے کے وقت ان کی امداد کے لئے مزید معلومات ۔ ایک مرتبہ پھر، اگر آپ کے سوالات ہیں تو، براہ کرم اپنے بچے کے اسکول تک رسائی کریں۔

## دور سے سیکھنے کا پروگرام (ریموٹ لرننگ پروگرام) کا انتخاب کیسے کریں

وہ والدین یا نگہداشت کنندہ جو اپنے بچے کو 2021-2022 تعلیمی سال کے ڈبلیو آر ڈی ایس بی ریموٹ لرننگ پروگرام میں شریک کرنا چاہتے ہیں، انہیں اپنے بچے یا اپنے بچوں میں سے ہر ایک کے لئے ریموٹ لرننگ پروگرام کی درخواست فارم کو مکمل کرنا چاہئے۔ ہم چاہ رہے ہیں کہ وہ والدین اور نگہداشت کنندہ جو ریموٹ لرننگ پروگرام میں ان کے بچے (بچوں) کی شرکت کی درخواست کرنا چاہتے ہیں براہ کرم **3 مئی، 2021 کی شام 4:00 بجے تک فارم کو مکمل کریں۔**

**ریموٹ لرننگ کی درخواست فارم دیکھیں**

**والدین کو یاد دلایا جاتا ہے کہ یہ فیصلہ پورے سال کے لئے ہے۔** اگر والدین ریموٹ لرننگ پروگرام کی درخواست فارم مکمل نہیں کرتے ہیں تو، ہم فرض کریں گے کہ آپ کا بچہ (بچوں) بذات خود موجود ہو کر (اِن پرسن) اسکول میں داخل ہوگا اور طالب علم (طلباء) کو ان کے گھر کے پاس والے اسکول یا میگنٹ پروگرام اسکول میں ) بذات خود موجود ہو کر (اِن پرسن) سیکھنے کے لئے تفویض کریں گے۔ ہم سمجھ سکتے ہیں کہ اس وقت کچھ خاندانوں کے لئے فیصلہ کرنا مشکل کیوں ہوسکتا ہے، تاہم، ہمارے اسکولوں اور پروگراموں کے مناسب ذرائع اورعملے کے حصول کو یقینی بنانے کے لئے ہمیں وقت درکار ہے ۔

ہماری اس تیاری میں آپ کی مدد کا شکریہ۔ ہم ستمبر 2021 میں آپ کے بچوں کو اپنے محفوظ ، پُر شفقت اور مشتمل کلاس رومز میں واپس خوش آمدید کہنے کے لئے تیار ہیں۔